سوال

(148)کتنے مال پر زکاۃ واجب ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کتنے مال پر زکواۃ واجب ہے۔ اور کس کو دینی چاہیے۔ مال تجارت میں زکواۃ کا کیا طریقہ ہے۔ نفع پر ہے یا راس المال پر مسجد یا مدرسہ میں خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ (چراغ الدین از کلکتہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شرعی حساب میں آجکل تخمیناً پچاس روپے کا ہے۔ مال تجارت میں بھی اصل مال میں فی سینکڑہ دو روپیہ آٹھ آنہ سال کی زکواۃ ہے جو علماء زکواۃ میں تملیک شرط کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک مسجد اور کنویں پر زکواۃ کا صرف کرنا جائز نہیں۔ جو علماء زکواۃ میں محض نفع رسانی مراد رکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک مدرسہ اور مساجد میں زکواۃ کا لگانا جائز ہے۔ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ ٦٠ سورة التوبة

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 7 ص 275

محدث فتویٰ